قاضی گوہر رحمٰن صاحب فاضل نیو ٹاؤن کراچی بھی شامل تھے، ہمراہ دارالعلوم تشریف لائے ۔ حضرت مہتمم صاحب کی غیر موجودگی میں مولانا عرفان الحق نے انہیں دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کروایا۔

دارالعلوم میں اہل علاقہ اکوڑہ خٹک کا اجتماع : ۲۵ر جنوری بروز اتوار کو دارالعلوم حقانیہ میں زیر تعمیر جامع مسجد مولانا عبدالحقؒ کی مشاورت کے سلسلے میں اہل علاقہ اکوڑہ خٹک کا ایک عظیم اجتماع منعقد ہوا۔ جس میں اکوڑہ خٹک اور قرب و جوار سے تعلق رکھنے والے ہزاروں کی تعداد میں عمائدین علاقہ نے شرکت کی۔ اجتماع میں مسجد کی موجودہ صورتحال اور مالی مسائل کا بغور جائزہ لیا گیا۔ اہل علاقہ نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ دارالعلوم حقانیہ ہی کی وجہ سے اکوڑہ خٹک کو آج ایک بین الاقوامی اہمیت حاصل ہے۔ لہٰذا یہ مسجد دارالعلوم کی نہیں ہماری اپنی مسجد ہے، ہم اس کی تعمیر و ترقی میں بھرپور حصہ لیں گے، اجتماع میں اہل علاقہ کی اتنی کثیر تعداد میں شرکت اور عزم دیدنی تھا۔ اس موقع پر حضرت مہتمم، مولانا انوار الحق، مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ کے علاوہ الحاج مسعود عباس سابق ایم این اے، جناب خلیل عباس اور جناب ذوالفقار باچا صاحبان کے علاوہ احقر سمیت دیگر شرکاء نے بھی اظہار خیال کیا۔ یہ اجتماع مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ صاحب کی دعا پر بوقت عصر اختتام پذیر ہوا۔

دارالعلوم میں تقریب رونمائی : مؤتمر المصنفین سے دارالعلوم کے جید مدرس اور مصنف مولانا فیض الرحمان حقانی کی کتاب "علامات الترقیم و اصول الاملاء" شائع ہوئی۔ جس کی تقریب رونمائی میں حضرت مہتمم، مولانا رشید احمد مدرس حقانیہ، مفتی سجاد الحجابی اور مولانا عبدالقیوم حقانی صاحبان سمیت دیگر اساتذہ نے شرکت اور خطاب فرمایا۔

اظہار تعزیت : معروف سیاسی سیف اللہ خاندان کی نہایت قابل احترام خاتون، سلیم سیف اللہ، انور سیف اللہ اور ہمایوں سیف اللہ و دیگر کی والدہ محترمہ کلثوم سیف اللہ کے انتقال پر اظہار تعزیت نماز جنازہ پشاور کے آرمی سٹیڈیم میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب نے پڑھایا، دارالعلوم اور ادارہ الحق اور جمعیۃ علماء اسلام اس غم میں پورے خاندان کیساتھ شریک ہے اور مرحوم کے رفع درجات کیلئے دعا گو ہے۔

☆ دارالعلوم کے انتہائی قابل و فاضل مخلص مولانا محمد آیاز حقانی (کانگڑہ شبقدر) مہتمم جامعہ فریدیہ و مدیر ماہنامہ ''تجلیات فرید'' کے والد گرامی گزشتہ دنوں انتقال فرما گئے، انکے رفع درجات کیلئے قارئین سے دعاؤں کی اپیل ہے۔

☆ جمعیت علماء اسلام کے قدیم ترین اور خیبر پختونخوا کے ابتدائی کارکن مولانا محمد عثمان صاحب گزشتہ دنوں انتقال فرما گئے ۔ مرحوم دینی تحریکات میں مولانا غلام غوث ہزارویؒ، سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ، مولانا مفتی محمودؒ اور شیخ الحدیث مولانا عبدالحقؒ کے شانہ بشانہ کام کرتے رہے، دارالعلوم حقانیہ کے ساتھ گہری وابستگی کا ثبوت آخری دم تک دیا۔ شیخ الحدیثؒ کے تمام الیکشنوں میں بھرپور ساتھ دیا۔ تعزیت کیلئے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب اور دیگر شیوخ و اساتذہ موضع تارو جبہ تشریف لے گئے اور مولانا مرحوم کی دینی اور علمی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔